## عوام کسی بھی واقعہ پر ہرگز مشتعل نہ ہوں، اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ ہے کہ وہ اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو برقرار رکھیں، کسی بھی واقعہ پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور ماضی کی طرح اپنے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنادیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی اور صوبہ سندھ میں فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی گھناؤنی سازش کی جارہی ہے۔ گزشتہ روز ممتاز شیعہ عالم دین مولانا غلام مہدی کو شاہ فیصل کالونی اور جماعت اہلسنت والجماعت کے رہنماؤں انجینئر الیاس زبیر اور قاری شفیق کو مسلح دہشت گردوں نے بہیمانہ طریقے سے فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ بہیمانہ قتل کی یہ وارداتیں شہر میں فرقہ وارانہ فسادات کی آگ بھڑکانے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہیں اور اس بات کا ثبوت ہے کہ بعض سازشی عناصر منظم منصوبہ بندی کے تحت ایک مرتبہ پھر فرقہ وارانہ فسادات کرانے کیلئے سرگرم ہوچکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک نازک ترین موڑ پر ہے اور جو سازشی عناصر اس نازک موقع پر فرقہ وارانہ فسادات کی آگ کو بھڑکانے کیلئے مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام کو نشانہ بناکر بہیمانہ طریقے سے قتل کررہے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام اور علمائے کرام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی واقعہ پر اپنے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں اور ماضی کی طرح ایک مرتبہ پھر اپنے بھرپور اتحاد کا مظاہرہ کرکے فرقہ واریت کو ہوا دینے والوں کی گھناؤنی سازش کو ناکام بنادیں۔ انہوں نے جماعت اہلسنت والجماعت کے رہنماؤں انجینئر الیاس، قاری شفیق اور ممتاز عالم دین مولانا غلام مہدی کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ جماعت اہلسنت والجماعت کے رہنماؤں انجینئر الیاس اور قاری شفیق سمیت مولانا غلام مہدی کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں کا نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور فرقہ وارانہ فسادات کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے ہرسطح پر مثبت اور عملی اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## ایم کیوایم این آر او کے خاتمے کے حوالے سے اخلاقی طور پر کوئی دباؤ، ڈر یا خوف محسوس نہیں کرتی، ڈاکٹر فاروق ستار

### ڈرے وہ جس نے ملک کی اربوں، کھربوں کی دولت لوٹی اور بھاری قرضے معاف کروائے

### اللہ کا شکر ہے کہ کرپشن کے کسی مقدمے کا سامنا ایم کیوایم کے کسی رہنما یا کارکنوں کو نہیں ہے

### ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے واشگاف الفاظ میں واضح کیا ہے کہ ان کی جماعت اپنے رہنماؤں اور کارکنوں پر عائد مقدمات کی ازسرنو سماعت اور NRO کے خاتمے کے حوالے سے اخلاقی طور پر کوئی دباؤ، ڈر یا خوف محسوس نہیں کرتی، ڈرے وہ جس نے ملک کی اربوں، کھربوں کی دولت لوٹی اور بھاری قرضے معاف کروائے، ایم کیوایم پر جھوٹے اور بے بنیاد فوجداری مقدمات تو قائم ہیں لیکن اللہ کا شکر ہے کہ کرپشن کے کسی مقدمے کا سامنا ایم کیوایم کے کسی رہنما یا کارکنوں کو نہیں ہے۔ ایم کیوایم کے رہنماؤں اور کارکنوں نے پہلے بھی مقدمات کا سامنا کرکے قانونی طور پر ریلیف حاصل کیا ہے، دوسری جماعتیں اس بارے میں کیا فیصلہ کرتی ہیں یہ ان ہی پر منحصر ہے۔ ہفتہ کو ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی اور دیگر ارکان رابطہ کمیٹی شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، ڈاکٹر صغیر احمد، اشفاق منگی، وسیم آفتاب اور رضا ہارون کے ہمراہ ایک ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت نے آج NRO کے حوالے سے مقدمات کی جو فہرست جاری کی ہے اس سے کئی سوال ہمارے سامنے آئے ہیں، متحدہ قومی موومنٹ ایک اصولی سیاست کرنے والی جماعت ہے اور ایم کیوایم نے اس پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا جب این آر او کو پارلیمنٹ میں لانے کی بات ہوئی تو ایم کیوایم نے بہت سوچ سمجھ کر اس کی مخالفت کی یہ متحدہ قومی موومنٹ کا فیصلہ ہی نہیں تھا بلکہ یہ عوام کی امنگوں اور خواہشات کے عین مطابق بھی تھا۔ ایم کیوایم کے خلاف ماضی کی مختلف حکومتوں میں ہزاروں مقدمات قائم کئے گئے لیکن ہم نے ہمیشہ قانونی طور پر ان ہی عدالتوں سے انصاف حاصل کیا ہے۔ ایم کیوایم کا آج بھی وہی مئوقف ہے کہ اگر عدالت ایم کیوایم کے رہنماؤں اور کارکنوں کو طلب کرے تو وہ وہاں پیش ہونے میں کوئی عار محسوس نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات ریکارڈ پر موجود ہے کہ این آر او کا نفاذ ایک ڈیل کے نتیجے میں ہوا اور جو لوگ اس ڈیل میں ملوث تھے انہی کو اس کا فائدہ پہنچانا مقصود تھا اور اس ڈیل

میں کچھ بیرونی ممالک کا بھی کردار تھا۔ایم کیوایم این آر او کی ڈیل میں کسی طرح بھی حصہ نہیں بنی لہٰذا اگر این آر او کے تحت مقدمات ختم بھی کئے جاتے تو ایم کیوایم اس سے کیا فائدہ حاصل کرسکتی تھی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم اخلاقی طور پر مقدمات کی ازسرنوسماعت کے حوالے سے کوئی دباؤ، ڈر یا خوف محسوس نہیں کرتے، ڈرنا انہیں چاہئے جنہوں نے اربوں، کھربوں روپے لوٹے اور اس کے برابر ہی قرضے معاف کروائے۔انہوں نے بتایا کہ جناب الطاف حسین نے جناب چیف جسٹس آف پاکستان کو ایک خط بھی لکھا تھا جس میں کہا گیا تھا کہ جن لوگوں نے ملک کی دولت کو لوٹا ہے ان کا احتساب ہونا چاہئے، ایم کیوایم پر لوٹ مار کا کوئی مقدمہ نہیں ہے، ایم کیوایم کل بھی اس سے پاک تھی، آج بھی ہے اور کل بھی رہے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں فوجداری مقدمات کی ایک تاریخ ہے، ایم کیوایم کے خلاف 10 ہزار فوجداری مقدمات بنائے گئے جو سب کے سب سیاسی بنیادوں پر اور سیاسی انتقام کے طور پر بنائے گئے۔الطاف حسین سمیت ہمارے جتنے کارکنوں اور رہنماؤں پر جھوٹے اور بے بنیاد فوجداری مقدمات 1992ء کے ریاستی آپریشن کے آغاز اور اس کے دوران قائم کئے گئے اگر ایم کیوایم اس پر کوئی ڈیل کرتی تو 1992ء کے ریاستی آپریشن کے دوران کرتی۔ہم نے ڈیل کرنے کے بجائے جیلوں کی صعوبتیں برداشت کیں لیکن ان مقدمات کی واپسی کا کوئی مطالبہ نہیں کیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین پر ایک پولیس والے کی ٹوپی چرانے کا مقدمہ بھی قائم کیا گیا یہ بھی الزام ان پر لگایا گیا ہے کہ انہوں نے گاڑیوں پر پتھراؤ کیا۔انہوں نے کہا کہ یہ کیسے ممکن ہے کہ الطاف حسین لندن سے ایک پتھر ماریں جو ٹھیک لیاقت آباد میں آکر کسی بس کو لگے۔اسی طرح ایم کیوایم کے رہنماؤں پر ایک ہی دن اور ایک ہی وقت میں کئی کئی مقدمات قائم کئے گئے۔انہوں نے کہا کہ فوجداری اور کرپشن کے مقدمات میں زمین آسمان کا فرق ہے یہ فرق عوام کے سامنے آنا چاہئے۔ایم کیوایم پر الزام تراشی اور مقدمات کا سلسلہ 1992ء سے شروع ہوا تھا ایم کیوایم پر جناح پور بنانے سمیت دیگر مقدمات بنائے گئے تھے یہ ایک سازش تھی لیکن یہ سازش کرنے والوں نے خود اس کی بعد میں تردید بھی کی۔ان مقدمات کا مقصد ایم کیوایم کو مطعون تھا۔انہوں نے کہا کہ این آر او پر ہمارا اصولی مئوقف ہے کہ ایم کیوایم کسی ایسے قانون کی حمایت ہرگز نہیں کرے گی جس میں کرپشن کو فروغ یا تحفظ حاصل ہو۔متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں اور کارکنوں نے عدالتوں کا سامنا کیا اور باعزت بریت حاصل کی، میجر کلیم کیس اور حکیم سعید شہید کیس ریکارڈ پر ہیں ان مقدمات میں ہم نے نچلی سے لیکر اعلیٰ عدالتوں تک کا سامنا کیا اور انہی سے انصاف حاصل کیا ہے جبکہ میجر کلیم کیس کی سماعت تو آج کے چیف جسٹس جناب جسٹس افتخار چوہدری نے کی اور انہوں نے بھی ہمیں ریلیف دیا۔ایک سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ اگر متحدہ قومی موومنٹ کے کسی عوامی نمائندے کے خلاف کرپشن کا کوئی الزام ہے تو متحدہ قومی موومنٹ کا یہ فیصلہ ہوگا کہ وہ استعفیٰ دیدے لیکن خدا کا شکر ہے کہ ہمارے کسی رکن پر کرپشن کا کوئی الزام نہیں۔ایم کیوایم نے این آر او سے کبھی کوئی ریلیف نہیں لیا اور نہ ہی کسی اور فورم سے رجوع کیا ہے۔فاروق ستار نے کہا کہ ایک ریویو بورڈ نے این آر او کے احوالے سے عدالتوں میں زیر سماعت مقدمات طلب کرکے اس کی اسکروٹنی کی اور اپنا فیصلہ صادر کیا اس کا بار ایم کیوایم پر نہیں ڈالا جاسکتا ایم کیوایم نے کسی فورم سے از خود رجوع نہیں کیا تھا۔ایک اور سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ جن لوگوں پر کرپشن کے الزامات ہیں یہ انہی پر منحصر ہے کہ وہ اپنے بارے میں کیا مئوقف اختیار کرتی ہیں کہ انہیں حکومت میں رہنا چاہئے یا نہیں تاہم انہیں ہمارا مشورہ ہوگا کہ وہ بھی ہماری طرح عدالتوں کا سامنا کریں۔انہوں نے کہا کہ الزامات اپنی جگہ لیکن حکومت سازی جمہوری عمل کا حصہ ہے جب تک الزام جرم نہیں بن جاتا اس وقت تک کسی کو مجرم قرار نہیں دیا جاسکتا۔ایک اور سوال کے جواب میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ریویو بورڈ کے وجود کو قانونی یا آئینی طور پر چیلنج کیا گیا تھا یا نہیں مجھے اس کا علم نہیں، ریویو بورڈ نے اسکروٹنی کی اور اپنا فیصلہ صادر کیا اس حوالے سے ایم کیوایم کو زیر بار نہیں کیا جاسکتا تاہم اگر ہمارے خلاف مقدمات کی ازسرِنوسماعت ہوتی ہے تو ہم عدالتوں کا سامنا کرنے کیلئے بالکل تیار ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ جنہوں نے ملک سے اربوں، کھربوں روپے لوٹے وہ واپس آنے چاہئیں اور پارلیمنٹ کو بھی اس حوالے سے کوئی مئوثر قانون سازی کرنا ہوگی۔

## سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو مین آف دی ایئر ایوارڈ اور گولڈ میڈل کے اعزاز سے نواز نا حق پرست قیادت کی عملی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے، ارکان قومی اسمبلی

## حق پرست قیادت مزید ایسے مثبت کام کرکے دکھائے گی جس سے ملک وقوم کا وقار بلند ہوگا

کراچی۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ لاہور میں اقبال اکیڈمی پاکستان کے ایوان اقبال میں منعقدہ اسٹار ایوارڈ 2008ء کی تقریب میں ساؤتھ ایشیاء پبلیکیشنز کی جانب سے سٹی گورنمنٹ کراچی کے حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال کو مین آف دی ایئر ایوارڈ اور گولڈ میڈل کے اعزاز سے نواز نا حق پرست قیادت کی عملی کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے جس پر سٹی ناظم مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین اور کونسلرز زبردست خراج تحسین کے مستحق ہیں۔اپنے مشترکہ

بیان میں انہوں نے کہا کہ کراچی سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی شاندار کارکردگی نے نہ صرف ملک میں بلکہ دنیا بھر میں پاکستان کا امیج بہتر کیا ہے اور اب دنیا جان رہی ہے کہ پاکستان میں انتہاء پسند اور تاریک راہوں کے مسافر ہی نہیں بستے بلکہ اعتدال پسند اور تعمیر وترقی کے روشن دریچے کھولنے والے پڑھے لکھے اور باصلاحیت لوگ بھی موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سٹی گورنمنٹ کراچی کی حق پرست قیادت، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہے اور انشاءاللہ حق پرست قیادت اپنے عمل سے مزید ایسے مثبت کام کرکے دکھائے گی جس سے ملک وقوم کا وقار بلند ہوگا اور عام لوگ بلاتفریق ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں سے استفادہ کرسکیں گے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے سٹی گورنمنٹ کراچی کے حق پرست ناظم اعلیٰ سید مصطفیٰ کمال کو مین آف دی ایئر ایوارڈ اور گولڈ میڈل ملنے پر ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے اسے پاکستان کے تمام حق پرستوں کی فتح قرار دیا ہے۔

## حق پرستی کی جدوجہد میں بزرگ شاعر اور دانشور عاقل بریلوی کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا، الطاف حسین

## حق پرست بزرگ شاعر اور دانشور عاقل بریلوی کے انتقال پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست بزرگ شاعر اور دانشور عاقل بریلوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد میں حق پرست بزرگ شاعر عاقل بریلوی کی خدمات کو فراموش نہیں کیا جاسکتا اور ان کی خدمات زبردست خراج تحسین کی مستحق ہیں۔ انہوں نے عاقل بریلوی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے ساتھ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عاقل بریلوی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## حق پرست شاعر اور دانشور عاقل بریلوی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

## عاقل بریلوی مرحوم کی حق پرستی کی جدوجہد کیلئے خدمات ہمیشہ یادرکھی جائیں گی

کراچی۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست بزرگ شاعر اور دانشور عاقل بریلوی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ حق پرست شاعر عاقل بریلوی کی حق پرستانہ جدوجہد کیلئے خدمات قابل قدر ہیں جو ہمیشہ یادرکھی جائیں گی۔ رابطہ کمیٹی نے عاقل بریلوی مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن خلیل اور یونٹ یوسی B-3 کے کارکن شاہنواز کی شہادتوں پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن خلیل اور یونٹ یوسی B-3 کے کارکن شاہنواز کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے خلیل شہید اور شاہنواز شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے کارکن خلیل اور یونٹ یوسی B-3 کے کارکن شاہنواز کے بہیمانہ قتل کی وارداتوں پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

## کارکنان وعوام کسی بھی اشتعال انگیز واقعہ پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں، اتحاد کی فضا برقرار رکھ کر سازشوں کو ناکام بنادیں

کراچی۔۔۔21،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن خلیل اور یونٹ یوسی B-3 کے کارکن شاہنواز کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوران واقعات کوشہر کا امن خراب کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن خلیل کو مسلح دہشت گردوں نے گھاس منڈی میں واقع قلفی والی گلی میں فائرنگ کرکے بیدردی سے شہید کردیا جبکہ یونٹ یوسی B-3 کے کارکن شاہنواز کو مسلح دہشت گردوں نے اس وقت نشانہ بنایا جب کو کاغذی بازار میں دوکان میں کا کام کررہے تھے کہ مسلح دہشت گرد نے انہیں شناخت کرنے کے بعد گولیاں مار شہید کردیا جبکہ اس واقعہ میں مزدور فرید پلمبر بھی ٹانگ پر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا جسے سول اسپتال میں طبی امداد دی جارہی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں اچانک ہونے والی قتل کی وارداتوں میں مختلف مسالک کے مذہبی رہنماؤں اورایم کیوایم کے کارکنوں کونشانہ بنانا صوبہ سندھ کا امن غارت کرنے کی ناکام کوشش ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں کئی کڑے اور کٹھن مراحل آئے لیکن حق پرستوں نے تمام تر مشکلوں اوراوچھے ہتھکنڈوں کوڈٹ کرسامنا کیا ہے اورقتل وغارتگری کے اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے نہ تو کل ایم کیوایم کے کارکنان کوخوفزدہ کیا جاسکا ہے اور نہ ہی آج سازشی عناصر اس میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کارکنان اورعوام سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی اشتعال انگیز واقعہ پر صبر کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں اوراپنے درمیان اتحاد کی فضا برقرار رکھ کرسازشی عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے خلیل شہید اورشاہنواز شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹرعشرت العباداوروزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کے دوہرے قتل کی وارداتوں کا سختی سے نوٹس لیا جائے، ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کی روک تھام کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور مسلح دہشت گردوں کوگرفتار کرکے قرار واقعی سزادی جائے۔

## آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن کے بھائی اورایم کیوایم جرمنی کے آرگنائزر کے بھانجے محمد فیضان کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21،نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم آگرہ تاج سیکٹر یونٹ نیا آباد کے کارکن فرحان شیخ کے بھائی اورایم کیوایم جرمنی کے آرگنائزر ساجد آزاد کے بھانجے محمد فیضان کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## مسلح جرائم پیشہ دہشت گردوں نے آگرہ تاج سیکٹر کے کارکن فرحان شیخ کے بھائی اورایم کیوایم جرمنی کے آرگنائزر ساجد آزاد کے بھانجے محمد فیضان کوگھر میں گھسنے کے بعد تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے باہر لاکر سفاکانہ طریقے سے گولی مار کر شہید کردیا

## محمد فیضان شہید کے سفاکانہ قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔21،نومبر 2009ء

مسلح دہشت گردوں نے متحدہ قومی موومنٹ آگرہ تاج سیکٹر یونٹ نیا آباد کے کارکن فرحان شیخ کے بھائی اورایم کیوایم جرمنی کے آرگنائزر ساجد آزاد کے بھانجے محمد فیضان کو فائرنگ کرکے بیدردی سے شہید کردیا۔تفصیلات کے مطابق جرائم پیشہ عناصر پر مشتمل گروہ نے فرحان شیخ کے گھر میں اسلحہ کے زور پر زبردستی گھسنے کے بعد فرحان شیخ کے نہ ملنے پر ان کے چھوٹے بھائی محمد فیضان کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بناتے ہوئے گھر سے باہر لاکر گولی مار سفاکانہ طریقے سے قتل کردیا۔محمد فیضان شہید کی عمر 19 سال تھی اوران کے سوگواران میں والدین، ایک بہن اور 3 بھائی شامل ہیں۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں محمد فیضان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ جرائم پیشہ مسلح دہشت گرد معاشرے پر دھبہ ہیں اوراور محمد فیضان کے بہیمانہ قتل کی

واردات حق پرستی کے فکر وفلسفہ اورنظریئے کے پرستاروں کو ہرگز خوفزدہ نہیں کرسکتی ۔ رابطہ کمیٹی نے محمد فیضان شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک، گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ جرائم پیشہ دہشت گردوں کے ہاتھوں محمد فیضان شہید کے بہیمانہ قتل کی واردات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سفاک دہشت گردوں کو گرفتار کرکے قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔

## حق پرست امیدوار ہادی حسین سمیت 30 سے زائد کارکنان کی گرفتاری اور جھوٹے مقدمات انتقامی کارروائی اور غیر جمہوری عمل ہے، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## جاگیردارانہ سوچ رکھنے والے عناصر گلگت بلتستان میں حق پرستی کے فکر وفلسفہ اورنظریئے کے فروغ سے بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں

کراچی ۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے حلقہ GBLA-3 کے حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین سمیت 30 سے زائد ایم کیوایم کے کارکنان کی گرفتاری اوران پر انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت جھوٹے مقدمات قائم کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو کھلی سیاسی انتقامی کارروائی، انتخابی دھاندلی اور جمہوریت پر دھبہ قرار دیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پولیس کے ذریعے حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین اور کارکنان کی غیر قانونی گرفتاریوں نے واضح کردیا ہے کہ بعض جاگیردارانہ سوچ رکھنے والے عناصر گلگت بلتستان میں حق پرستی کے فکر وفلسفہ اورنظریئے کے فروغ سے شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکے ہیں اور انہیں اپنی حکمرانی ختم ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کے انتخابی نتائج نے ایم کیوایم کی مقبولیت ثابت کردی ہے، گلگت بلتستان کے عوام نے عام انتخابات میں حق پرست امیدوار راجہ محمد اعظم کو نہ صرف بھاری اکثریت سے کامیاب کرایا بلکہ دیگر حق پرست امیدواروں کے حق میں بھی اپنے قیمتی ووٹ کا اکثریت سے استعمال کیا جو سازشی عناصر کی آنکھوں میں شہتیر کی مانند چبھ رہا ہے اور وہ حق پرستی کے نظریئے کو روکنے کیلئے اوچھے اور غیر جمہوری ہتھکنڈوں پر اتر آئے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن اور جمہوریت جماعت ہے اور گلگت بلتستان میں جمہوریت کا فروغ چاہتی ہے اور انتخابی دھاندلیوں اور انتقامی کارروائیوں کی پرزور مذمت کرتی ہے اور انتخابی دھاندلیوں اور انتقامی کاروائیوں کو جمہوریت پسند حلقوں کیلئے لمحہ فکریہ قرار دیتے ہے۔ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک سے مطالبہ کیا کہ حق پرست امیدوار کیپٹن (ر) ہادی حسین سمیت ایم کیوایم کے 30 سے زائد بے گناہ کارکنان کی گرفتاری اوران پر جھوٹے مقدمات کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور انتخابی دھاندلیاں آشکار کرنے پر ایم کیوایم کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ بند کیا جائے۔

## وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف اور معروف کالم نگار اوریا مقبول سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ پنجاب شہباز شریف کے سسر شاکر اللہ درانی اور معروف کالم نگار اور ڈائریکٹر جنرل وائلڈ پروجیکٹ سٹی اوریا مقبول کے بہنوئی جاوید اقبال رانا کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ ( آمین )

## ایم کیوایم کی سکھر زون کے شہید کارکن کی والدہ اور شاہ فیصل ٹاؤن سیکٹر کے کارکن کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سکھر زون روہڑی سیکٹر یونٹ 22 کے شہید کارکن محمد طاہر کی والدہ محترمہ اور ایم کیوایم شاہ فیصل ٹاؤن سیکٹر یونٹ یوسی 7 کے کارکن سید سلمان حیدر کے والد سید احسن حیدر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے ( آمین )

## حق پرست شاعر اور دانشور محمد عظیم عاقل بریلوی علالت کے باعث انتقال کر گئے
## مرحوم کی نماز جنازہ 22 نومبر اتوار کو بعد نماز ظہر غوث الاعظم مسجد سیکٹر 3 نارتھ کراچی میں ادا کی جائے گی
## حق پرست عوام و کارکنان نماز جنازہ اور تدفین میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔21، نومبر 2009ء

حق پرست بزرگ شاعر اور دانشور محمد عظیم عاقل بریلوی علالت کے باعث انتقال کر گئے ۔ مرحوم کی عمر 80 سال تھی اور گزشتہ روز ان کی طبیعت زیادہ خراب ہوگئی اور وہ گھر پر ہی انتقال کر گئے ۔ محمد عظیم عاقل بریلوی مرحوم قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت و محبت رکھتے تھے اور حق پرستی کی جدوجہد کیلئے مرحوم کی خدمات گرانقدر ہیں ۔ مرحوم کے سوگواران میں ایک بھائی شامل ہیں ۔ محمد عظیم عاقل بریلوی مرحوم کی نماز جنازہ 22، نومبر بروز اتوار کو بعد نماز ظہر غوث الاعظم مسجد سیکٹر 3 نارتھ کراچی میں ادا کی جائے گی ۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام و کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ حق پرست شاعر اور دانشور محمد عظیم عاقل بریلوی کی نماز جنازہ میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں ۔

## گیس سلنڈر پھٹنے سے 4 افراد کے جاں بحق ہونے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس
## حکومت شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے مثبت اقدامات بروئے کار لائے

کراچی۔۔۔21، نومبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے ابوالحسن اصفہانی روڈ پر واقع گیس سلنڈر کی دکان سلنڈر پھٹنے کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اس قسم کے واقعات کی روک تھام اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس بنیادوں پر اقدامات بروئے کار لائے جائیں ۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے سلنڈر کے حادثے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ ( آمین ) رابطہ کمیٹی نے حادثے میں زخمی افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس قسم کے افسوسناک واقعات کی روک تھام اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کیے جائیں اور گیس سلنڈر کی شاپس اہم شاہراہوں اور مقامات خصوصاً گنجان آباد علاقوں سے دور کی جائیں ۔

☆☆☆☆☆